# سُورَةُ الأَعْلَىٰ

## بهت بلند

القرآن ٨٧:٠١-١٩

QuranicQuotes.com

سَبِّحِ ٱسْمَ رَبِّكَ ٱلْأَعْلَى

پاکی بیان کرو اپنے رب کے نام کی جو بہت بلند وبالا ہے۔

القرآن ۸۷:۰۱

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِى خَلَقَ فَسَوَّىٰ

جس نے (ہر چیز کو) پیدا کیا پھر
تناسب قائم کیا۔

القرآن ۸۷:۰۲

QuranicQuotes.com

وَٱلَّذِى قَدَّرَ فَهَدَىٰ

جس نے تقدیر بنائی پھر راہ دکھائی،

القرآن ۸۷:۰۳

QuranicQuotes.com

وَٱلَّذِىٓ أَخْرَجَ ٱلْمَرْعَىٰ

اور جس نے (زمین سے) چارہ نکالا۔

القرآن ۸۷:۰۴

QuranicQuotes.com

فَجَعَلَهُۥ غُثَآءً أَحْوَىٰ

پھر اس کو کردیا سیاہ کُوڑا ۔

القرآن ۸۷:۰۵

QuranicQuotes.com

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنسَىٰٓ

ہم آپ کو پڑھا دیں گے پھر آپ
بھولیں گے نہیں۔

القرآن ٨٧:٠٦

QuranicQuotes.com

إِلَّا مَا شَآءَ ٱللَّهُ ۚ
إِنَّهُۥ يَعْلَمُ ٱلْجَهْرَ وَمَا يَخْفَىٰ

سوائے اس کے کہ جو اللہ چاھے۔ یقینا وہ جانتا
ھے ظاھر اور پوشیدہ کو۔

القرآن ٨٧:٠٧

QuranicQuotes.com

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرَىٰ

ہم آپ کے لئے آسانی پیدا کر دیں گے۔

القرآن ٨٧:٠٨

QuranicQuotes.com

فَذَكِّرْ إِن نَّفَعَتِ ٱلذِّكْرَىٰ

تو آپ نصیحت کرتے رہیں اگر نصیحت کچھ فائدہ دے۔

القرآن ۸۷:۰۹

QuranicQuotes.com

سَيَذَّكَّرُ مَن يَخْشَىٰ

وہ نصیحت حاصل کرلے گا جو ڈرتا ہے۔

القرآن ٨٧:١٠

QuranicQuotes.com

وَيَتَجَنَّبُهَا ٱلْأَشْقَى

البتہ جو بدبخت ھے وہ اس سے
پہلوتہی کرے گا۔

القرآن ۸۷:۱۱

QuranicQuotes.com

ٱلَّذِى يَصْلَى ٱلنَّارَ ٱلْكُبْرَىٰ

جو (آخر کار) داخل ہو گا بڑی آگ میں۔

القرآن ۸۷:۱۲

QuranicQuotes.com

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ

پھر نہ اس میں وہ مرے گا نہ زندہ رہے گا۔

القرآن ۸۷:۱۳

QuranicQuotes.com

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ

یقینا وہ کامیاب ہو گیا جس نے خود کو
پاک کرلیا۔

القرآن ۸۷:۱۴

QuranicQuotes.com

وَذَكَرَ ٱسْمَ رَبِّهِۦ فَصَلَّىٰ

اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا
اور نماز پڑھتا رہا

القرآن ٨٧:١٥

QuranicQuotes.com

بَلْ تُؤْثِرُونَ ٱلْحَيَوٰةَ ٱلدُّنْيَا

بلکہ تم دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔

القرآن ٨٧:١٦

QuranicQuotes.com

وَٱلۡأٓخِرَةُ خَيۡرٞ وَأَبۡقَىٰٓ

جبکہ آخرت بہتر بھی ہے اور
باقی رہنے والی بھی۔

القرآن ٨٧:١٧

QuranicQuotes.com

إِنَّ هَـٰذَا لَفِى ٱلصُّحُفِ ٱلْأُولَىٰ

یقینا یہی بات اگلے صحیفوں میں بھی ھے۔

القرآن ۸۷:۱۸

QuranicQuotes.com

صُحُفِ إِبْرَٰهِيمَ وَمُوسَىٰ

ابراهیمؑ اور موسیٰؑ کے صحیفوں میں۔

القرآن ۸۷:۱۹

QuranicQuotes.com